© rasailojaraid.com

مولانا سیف اللہ، حافظ محمد عبداللہ، مولانا اکرام الحق، صدیق احمد یوسفی، ارشد سیٹھی، حافظ عبدالغفور، عکاشہ مدنی بن علامہ محمد مدنی، مولانا نوید احمد ربانی، چوہدری سجاد اشرف، زاہد خورشید، سید اقتدار زیدی، چوہدری محمد رفیق، حاجی عبدالرزاق اور دیگر حاضرین نے شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل صاحب کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا، جماعت اہل حدیث کے بزرگوں نے دل کھول کر اپنی محبت کا اظہار کرتے ہوئے یہ پیغام دیا کہ ہمیں اپنے علمائے اہل حدیث سے انتہائی محبت ہے، ہمارا ہر طرح کا تعاون ان کے ساتھ ہے، اپنے محبوب وممدوح شیخ کو رقت انگیز دعاؤں اور محبت والفت بھرے الفاظ کے ساتھ الوداع کیا، مہمانوں کے لیے ضیافت کا انتظام کیا گیا تھا، اس کے ساتھ ہی تقریب رئیس الجامعہ کی دعا کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔

جامع مسجد توحید اہل حدیث اعوان پور گھوڑہ تحصیل پنڈ دادنخان میں عظیم الشان عظمتِ حدیث کانفرنس

مورخہ 12 اگست بروز منگل بعد نماز عشاء جامع مسجد اہل حدیث اعوان پور گھوڑہ میں عظیم الشان عظمتِ حدیث کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوئی۔ کانفرنس کا آغاز قاری محمد بلال عثمانی کی تلاوت سے ہوا، جامعہ کے طالب علم محمد الیاس نے حمد ونعت پیش کی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ نے سرانجام دیئے کانفرنس سے مولانا عبدالوحید فاروقی، حافظ عبدالغفور جہلمی اور مناظر اسلام حضرت مولانا سید سبطین شاہ نقوی نے خطاب کیا۔ رئیس الجامعہ نے صدارتی خطبہ ارشاد فرمایا۔ ملک تصدق اعوان کے چھوٹے بیٹے عبداللہ اعوان نے بڑے پیارے انداز میں مختصر اشعار شانِ رسالت اور عظمتِ صحابہ کے موضوع پر پیش کیے۔ رئیس الجامعہ کی دعا سے یہ کانفرنس تکمیل پذیر ہوئی۔ اس کانفرنس میں گردونواح اور مختلف مقامات سے کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی یہ کانفرنس قاری فتح محمد خطیب مسجد ہذا، ملک تصدق حسین اعوان اور ان کے رفقاء کی کوشش سے منعقد ہوئی۔

مرکزی جامع مسجد اہل حدیث خورد میں عظیم الشان جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 15 اگست بروز جمعہ بعد نماز عشاء مرکزی جامع مسجد اہل حدیث خورد میں عظیم الشان جلسہ سیرت النبی ﷺ زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوا۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا، جلسہ سے رئیس الجامعہ اور مناظر اسلام حضرت مولانا محمد یوسف پسروری نے مدلل خطاب فرمایا۔

© rasailojaraid.com